SUZUKI Way of Life!

# NOTICE OF EXTRA-ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extra Ordinary General Meeting of the shareholders of Pak Suzuki Motor Company Limited will be held virtually via webinar (Video Link) on Friday, January 29, 2021 at 10:00 a.m. to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1- To elect seven (7) Directors as fixed by the Board under the provisions of the Companies Act, 2017 for a period of three years commencing from February 07, 2021. In terms of section 159(1) of the Companies Act, 2017, the Directors of the Company have fixed the number of elected Directors at seven (7).

The names of the retiring directors whose term of office expires on February 06 ,2021 are as follow:

I. Mr. Kinji Saito
II. Mr. Masafumi Harano
III. Mr. Tadashi Homma
IV. Mr. Hisashi Takeuchi
V. Mr. Shigeo Takezawa
VI. Mr. Moin M. Fudda
VII. Ms.Rukhsana Shah

All retiring Directors are eligible to offer themselves for re-election. Any person who seeks to contest election of Directors shall file a notice of his/her intention to offer himself/ herself for election as Director in terms of section 159(3) of the Companies Act, 2017 not later than 14 days before the day of the meeting.

2- To consider any other business with the Permission of the chair.

BY ORDER OF THE BOARD

**ABDUL NASIR**
**COMPANY SECRETARY**

Karachi: January 07, 2021

**Notes:**

1- The share transfer books of the Company will remain closed from January 23, 2021 to January 29, 2021 (both days inclusive) and no transfer will be accepted for registration during this period. Transfers received in order till close of business on January 22, 2021 will be accepted for transfer.

2- Only those persons whose names appear in the Register of Members of the Company as at January 22, 2021 will be entitled to attend / participate in / vote at the Meeting.

3- An instrument of proxy applicable for the Meeting is being provided with the Notice sent to members. Further copies of the instrument of proxy may be obtained from the Registered Office of the Company during normal office hours. Proxy form may also be downloaded from the Company's website: http://www.paksuzuki.com.pk.

4- A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his/her proxy to attend the meeting and vote for him/her. Proxies in order to be effective must be received by the Company not less than 48 hours before the meeting.

5- Members are requested to notify change in their address, if any, to the Company's share registrar CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S. Main Shahrah-e-Faisal, Karachi - 74400.

6- CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down in the Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**For Attending the Meeting**

i. In case of individuals, the account holder or sub account holder and/ or the person whose securities are in group account and their registration detail are uploaded as per the regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Meeting.
ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney in favor of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

**For Appointing Proxies**

i. In case of individuals, the account holder or subaccount holder and / or the person whose securities are in group account and their registration detail is uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
ii. The proxy form shall be witnessed by the person whose name, address and CNIC number shall be mentioned on the form.
iii. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
iv. The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of Meeting.
v. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

7- SECP vide its SRO 779(1)/2011 dated August 18, 2011 has made it mandatory for the companies to provide CNIC numbers of the shareholders on dividend warrants. Therefore, members who have not yet submitted photocopies of their valid CNICs to the Company are again requested to immediately submit the same directly to Company's share registrar CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S. Main Shahrah-e-Faisal, Karachi - 74400. Dividend Warrants of the shareholders who will not submit the copies of their CNICs will be withheld by the or Company.

8- Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a listed Company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders. In order to receive dividends directly into their bank account, shareholders, who own physical shares, are requested to fill in Electronic Credit Mandate Form available on Company's website and send duly signed form along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company. In case shares are held in CDC then Electronic Credit Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker/participant/CDC account services.

9- Members can also avail video conference facility. In this regard, please fill the following and submit to registered address of the Company 10 days before holding of the Meeting. If the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location other than Karachi, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of the meeting, the Company will arrange video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city.

"I/We, ____________ of ____________, being a member of Pak Suzuki Motor Company Limited, holder of ____________ ordinary share(s) as per Registered Folio No. ______ hereby opt for video conference facility at ____________."

10- In compliance with the guidelines issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan vide circular No. 5 of 2020, dated 17 March, 2020, which, inter alia, has directed listed companies to avoid large gatherings at one place and consider using video link facility, webinar and other electronic means.

The shareholders who are willing to attend and participate at the meeting through video link are required to register their particulars by sending an email at (company.secretary@paksuzuki.com.pk). Such shareholders are requested to register by providing their credentials, i.e., Name, Folio Number, scanned copy of CNIC (both sides), Cell phone number and Number of shares held in their name through email with the subject "Registration for PSMC EOGM". Video link and login details will be shared with only those members whose emails, containing all the required particulars are received at the given email address before 05:00 p.m. on January 27, 2021.The members can also provide their comments and suggestion to the agenda item of the EOGM at the email address: (company.secretary@paksuzuki.com.pk).

The login facility will be opened at 9:45 a.m. on 29th January, 2021 enabling the shareholders to join the meeting which will start at 10:00 a.m. sharp

11- Any person (including a retiring director) who seeks to contest election of directors shall file with the company at its registered office, not later than 14 days before the said meeting his / her intention to offer himself / herself for the election of directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act together with:

i. Notice of his / her intention to offer himself / herself for the election of directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017.
ii. Form 28 – Consent to act as director prescribed under section 167 of the Companies Act, 2017.
iii. A detailed profile along with office address as required under SECP's SRO 634(1) / 2014.
iv. Attested copy of valid CNIC & NTN.
v. Undertaking on non-judicial stamp paper that meets the requirements of sub regulation of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.
vi. Declaration in respect of being compliant with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations and the eligibility criteria as set out in the Companies Act, 2017 to act as Director of Listed Company.

**PAK SUZUKI MOTOR CO. LTD.** DSU-13, Pakistan Steel Industrial Estate, Bin Qasim, Karachi. Tel: 021-34723551-58, Fax: 021-34723521-2

ORIENT m McCANN

SUZUKI

Way of Life!

# اطلاع غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ کے حصص یافتگان کے غیر معمولی اجلاسِ عام کا انعقاد عملاً بذریعہ ویبنار (وڈیو لنک) بروز جمعہ، مورخہ 29 جنوری 2021 کو بوقت صبح 10:00 بجے کیا جائے گا، جس میں مندرجہ ذیل امور طے پائیں گے۔

**عمومی امور:**

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت مورخہ 7 فروری 2021 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ سات (7) ڈائریکٹروں کا انتخاب کرنا۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1) 159 کے تحت بورڈ کی جانب سے منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (7) مقرر کی گئی ہے۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز جن کے عہدے کی معیاد مورخہ 6 فروری 2021 کو اختتام پذیر ہے اُن کے نام مندرجہ ذیل ہیں :

| | |
|---|---|
| 1۔ جناب کنجی سائیتو | 2۔ جناب ماسافومی ہارانو |
| 3۔ جناب تاداشی ہوما | 4۔ جناب ہیساشی تاکی یوچی |
| 5۔ جناب شگیوتاکیزاوا | 6۔ جناب معین ایم فُدا |
| 7۔ محترمہ رخسانہ شاہ | |

سبکدوش ہونے والے تمام ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں۔ کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہے وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے اپنے ارادے کا نوٹس اجلاس ہٰذا کے انعقاد سے کم از کم 14 دن قبل جمع کروائے گا/ گی۔

2۔ صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر کسی کاروائی پر غور و غوض کرنا۔

بحکم بورڈ

**عبدالناصر**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 7 جنوری 2021

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کی تبدیلی حصص کی کتاب 23 جنوری 2021 سے 29 جنوری 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہے گی اور اس عرصے کے دوران کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لئے قبول نہیں کی جائے گی۔ جو منتقلیاں باضابطہ طور پر 22 جنوری 2021 کو کاروبار بندش کے وقت تک موصول ہوں گی انہیں منتقلی کے لئے قبول کرلیا جائے گا۔

2۔ جن افراد کے نام کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں مورخہ 22 جنوری 2021 تک ظاہر کیئے گئے ہوں گے صرف وہ ہی افراد اجلاس میں شرکت/ شمولیت/ ووٹ ڈالنے کے اہل ہوں گے۔

3۔ ممبران کو ارسال کردہ نوٹس کے ہمراہ اجلاسِ ہٰذا کے لئے قابلِ اطلاق ایک پراکسی فارم فراہم کیا جا رہا ہے۔ پراکسی فارم کی مزید کاپیاں عام دفتری اوقات کے دوران کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کو کمپنی ہٰذا کی ویب سائٹ http://www.paksuzuki.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

4۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کا اہل ممبر اجلاس میں شرکت کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی نامزد کرسکتا/ سکتی ہے۔ پراکسیز اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا چاہئیں۔

5۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی بابت، اگر کوئی ہے تو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس۔ B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو مطلع کریں۔

6۔ مزید برآں سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ مورخہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر 1 کی درجِ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

**اجلاس میں شرکت کے لئے:**

(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہوں، وہ اجلاس ہٰذا میں شرکت کے وقت اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ ظاہر کر کے توثیق کریں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس کے وقت، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے نامزد کردہ فرد کے حق میں قرارداد / پاور آف اٹارنی (اس صورت میں کہ اگر پہلے جمع نہیں کروایا گیا ہو) پیش کرنا ہوگا۔

**پراکسی کی تقرری کے لئے:**

(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہوں، مذکورہ بالا ضروریات کے مطابق اپنے پراکسی فارم کمپنی جمع کریں گے۔

(ii) پراکسی فارم کی تصدیق اس فرد سے کروانا ہوگی جس کا نام، پتہ اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم میں ظاہر کیا گیا ہو۔

(iii) پراکسی فارم کے ہمراہ پراکسی اور بینیفیشل اونر کے قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پیش کرنا ہوں گی۔

(iv) پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

7۔ SECP نے اپنے SRO779(1)/2011 بتاریخ 18 اگست 2011 کے تحت، کمپنیوں کو شیئر ہولڈرز کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے نمبرز منافع منقسمہ پر فراہم کرنا لازمی قرار دیا ہے۔ لہٰذا جن ممبران نے تاحال کمپنی کو اپنے مصدقہ قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع نہیں کروائیں ان سے دوبارہ درخواست کی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس۔ B-99، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو جمع کروادیں۔

ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع نہیں کروائیں گے کمپنی کی جانب سے ان کے منافع منقسمہ کو روک دیا جائے گا۔

8۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 242 کے مطابق، ایک لسٹڈ کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان کو منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہء کار کے مطابق مستحق حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست کرے۔ لہٰذا منافع منقسمہ کو براہِ راست نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لئے فزیکل شیئرز کے حامل حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم کو پُر کر کے اپنے دستخطوں اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ حصص سی ڈی سی میں ہونے کی صورت میں الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم کو بروکر/ پارٹیسپینٹ/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروس کو براہِ راست پیش کرنا لازمی ہے۔

9۔ ممبران وڈیو کانفرنس کی سہولت سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہِ کرم ذیل میں دی گئی معلومات کا اندراج کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر اجلاسِ ہٰذا کے انعقاد سے 10 دن قبل جمع کروائیں۔ اگر کمپنی، علاوہ کراچی کسی جغرافیائی مقام پر رہنے والے ان حصص یافتگان سے رضامندی حاصل کرتی ہے جو مجموعی طور پر کم از کم 10 فیصد یا زائد کی حصص داری رکھتے ہیں تو اجلاس سے 10 دن قبل مندرجہ ذیل فارم جمع کروانے پر کمپنی اس شہر میں شرکت کے لئے انہیں وڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے گی جس کا انحصار اس سہولت کی اس شہر میں دستیابی پر ہوگا۔

"میں/ ہم (شیئر ہولڈر کا نام) ________، (شہر کا نام) ________ سے پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے تحت ________ آرڈینری شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر ________ (شہر کا نام واضح کریں) ________ میں وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔"

10۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی تعمیل میں، 2020 کے سرکلر نمبر 5، بتاریخ مورخہ 17 مارچ 2020، جس کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ کسی ایک مقام پر بڑے اجتماعات سے گریز کریں اور بذریعہ ویبنار اور دیگر الیکٹرانگ ذرائع سے وڈیو لنک کی سہولت کے استعمال پر غور کریں۔

شیئر ہولڈرز جو بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت اور شمولیت کے خواہاں ہیں ان کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات بذریعہ ای میل (company.secretary@paksuzuki.com.pk) پر ارسال کر کے اندراج کروادیں۔

ایسے حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی دستاویزات، یعنی نام، فولیو نمبر، CNIC (دونوں اطراف) کی اسکین کی گئی کاپی، موبائل فون نمبر اور اپنے نام پر رکھے گئے حصص کی تعداد کو بعنوان "رجسٹریشن برائے پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاسِ عام" بذریعہ ای میل رجسٹر کریں۔ وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے ای میل میں تمام مطلوبہ تفصیلات شامل ہوں، نیز جو مورخہ 27 جنوری 2021 کو شام 05:00 بجے سے قبل تک بیان کردہ ای میل پر موصول ہوں گی۔

ممبران EOGM کے ایجنڈا آئٹم پر اپنے تاثرات اور تجاویز بھی اس ای میل ایڈریس پر ارسال کر سکتے ہیں:

(company.secretary@paksuzuki.com.pk)

لاگ اِن کی سہولت کو مورخہ 29 جنوری 2021 کو صبح 9:45 بجے کھول دیا جائے گا جس سے حصص داران کو اجلاسِ ہٰذا میں شامل ہونے کی سہولت مل سکے گی جس کا آغاز صبح 10:00 بجے ہوگا۔

11۔ کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، (سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز سمیت) وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے اپنے ارادے کی اطلاع، مذکورہ اجلاس ہٰذا کے انعقاد سے کم از کم 14 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر جمع کروائے گا/ گی، بشمول:

(i) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے اپنے ارادے کی اطلاع۔

(ii) فارم 28۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 167 کے تحت بطور تفویض کردہ ڈائریکٹر امور کار کی انجام دہی پر رضامندی۔

(iii) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 2014 / (1) SRO634 کے تحت دفتر کے پتہ کے ہمراہ ایک مفصل پروفائل۔

(iv) درست قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور NTN کی تصدیق شدہ نقول۔

(v) نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر انڈرٹیکنگ جو کمپنیوں کے کمپنیز ریگولیشن 4 کے ذیلی ضوابط (آزاد ڈائریکٹرز کے طریقہء کار اور انتخاب) ریگولیشنز 2018 کی ضروریات کی تکمیل کرتا ہے۔

(vi) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز کی ضروریات اور کمپنیز ایکٹ 2017 میں مندرج اہلیت کے معیار کے مطابق کمپنی ڈائریکٹر کی حیثیت سے امور کار کی انجام دہی کے سلسلے میں اعلامیہ۔

**پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ**

DSU-13، پاکستان اسٹیل انڈسٹریل اسٹیٹ، بن قاسم کراچی

فون : 58-021-34723551 فیکس : 2-021-34723521

ORIENTmMcCANN